02/06/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **بصارت گل**

پد یاترا

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے کہا ہے کہ 51 روز پہلے جموں و کشمیر کے لوگوں نے تبدیلی کی ایک مشعل روشن کی تھی
اورلوگوں کی بھرپور شرکت سے یہ مشعل آج
ا

مید، حوصلے اور عزم کے ایک روشن شعلے میں تبدیل ہو چکی ہے۔±

جنوبی کشمیر کے کولگام ضلع میں نکالی گئی منشیات مخالف پدیاتراکی قیادت کے بعد ایک عوامی اِجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاہے کہ یہ صرف صحتِ عامہ کی جنگ نہیں بلکہ قومی سلامتی کی بھی ایک اہم لڑائی ہے۔

....LG........

سوا ندھی

سوا ندھی اسکیم کے 6برس مکمل ہو گئے ہیں ۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک بھر میں ریڑے بانوں کے معیار حیات PM میں مثبت تبدیلی لانے میں اس اسکیم کی اہمیت کو اجا گر کیا ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ اسکیم کی بدولت اس طبقے کے مستحقین کو آسان شرحوں پر قرضے فراہم ہوتے ہیں۔

حجاج کرام

سعودی عرب میں فریضہ حج ادا کرنے کے بعد جموں کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کا سلسلہ آج سے شروع ہورہا ہے۔

اس بارے میں جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفیسر شجاعت احمد قریشی نے کہا کہ سفر محمود سے آنے والے جموں و کشمیر کے حجاج کرام کی واپسی کے سلسلے میں تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل ہیں۔

........Dr. Shujat............

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلونے جموں و کشمیر میں پیٹرولیم مصنوعات، ایل پی جی اور کھاد سمیت تمام ضروری اشیاءکی بلا تعطل سپلائی کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیاہے۔

وہ کل جمونو کشمیر میں شری امر ناتھ جی یاترا اور سیاحتی سیزن کیلئے درکار اشیاءضروریہ کی دستیابی اور اسٹاک کا جائزہ لے رہے تھے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ اس بات کویقینی بنائیں کہ گھریلو صارفین کے لیے ایل پی جی کو تجارتی استعمال میں نہ لایا جائے اور ایسی کسی بھی بے ضابطگی کو روکنے کے لیے سخت نگرانی کریں۔

میٹنگ مینصوبائی کمشنرکشمیر انشل گرگ نے جانکاری دیتے ہوئے کہاہے کہ وادی بھر میں پیٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی کا وافر اسٹاک دستیاب ہے۔

یاترا جائزہ

ڈویژنل کمشنر جموں رمیش کمار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس بھیم سنگھ توتی نے شری امر ناتھ جی یاتر اکے سلسلے میں بھگوتی نگر یاتری نواس میں ایک میٹنگ کے دوران یاترا کے انتظامات تیاریوں کا جائزہ لیا۔

ڈویژنل کمشنر نے مختلف محکموں کی جانب سے جاری تیاریوں اور ترقیاتی کاموں کو مکمل کرنے کی ہدایت دی ، جن کا مقصد یاتریوں کو بھگوتی نگر یاتری نواس میں آرام دہ اور سہولت بخش قیام فراہم کرنا ہے ، جہاں سے وہ بالتل اور پہلگام بیس کیمپوں کیلئے روانہ ہوں گے ۔

اعجاز اسد

ادھرمحکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمے کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بالتل اور پہلگام راستوں پرپری فیبریکیٹڈ بیت الخلا اور غسل خانوں کی تنصیب، افرادی قوت کی تعیناتی، ویسٹ مینجمنٹ کے اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام اسٹیک ہولڈرس سے لگن اور خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دینے پر زور دیا۔

مانسبل

ولر مانسبل ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے سول ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ سرینگر کے اشتراک سے ناگہانی آفا ت سے نمٹنے کی تیاریوں اور لوگوں کے تحفظ سے متعلق بیداری پیدا کرنے کیلئے ایک خصوصی تربیت کا انعقاد کیا ۔

ڈاکٹر احسان الحق چشتی نے اس طرح کے تربیتی پروگراموں کی اہمیت کو اجا گر CEO اس موقعے پر اتھارٹی کے کیا ۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموں کشمیر کی اکنامک آفنسز ونگ نے خوشی پورہ ایچ ایم ٹی سرینگر میں اراضی کے گھپلے کے ایک معاملے مینمبینہ طورملوث دو قصور واروں کو گرفتار کیا ہے ۔

معراج الدین کھانڈے اور شبیر احمد کھانڈے نامی ان دو ملزموں اور اُس وقت کے پٹواری کے خلاف چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سرینگر کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کی گئی ہے۔

لابرو

ڈپٹی کمشنرسرینگر، اکشے لابرو نے محکمہ مال کے سینئر افسران کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ریونیو امور اور خدمات کی فراہمی میں پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

اس موقعے پر ڈیجیٹائزیشن کے عمل کو تیز کرنے اور تفویض کردہ اہداف کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے پرزورد یا گیااور افسران کو ہدایت دی گئی کہ زیر التواءمعاملات فوری طور نپٹائیں۔

سال12

حکومت کے 12 برس مکمل ہوئے ہیں ۔ مرکزی سرکار نے اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت NDA مرکز میں میں عام لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد سکیمیں شروع کینجن میں آیوشمان بھارت یوجنا بھی شامل ہے ۔

پورے ملک میں بڑے پیمانے پر لوگ اس سکیم سے استفادہ کر کے طبی نگہداشت کی معیاری سہولیات حاصل کر رہے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت19اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ27ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ